سوال

(641) دو سجدوں کے درمیان دعا کتنی مرتبہ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قیام اور رکوع و سجود کی تسبیح کے لگ بھگ جلسہ بین السجدتین میں دعا پڑھنی چاہیے۔ کیا دو دفعہ 'رَبِّ اغفِرلِی' کہنے سے ایک مرتبہ 'سُبحَان رَبِّیَ الاَعلٰی' کے بقدر الفاظ نہیں ہو جاتے؟ یعنی اگر چھ مرتبہ 'رَبِّ اغفِرلِی' کہا جائے تو اس کے الفاظ 'سُبحَان رَبِّیَ الاَعلٰی' تین مرتبہ کہنے کے برابر نہیں ہو جاتے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رکوع، سجود اور سجدوں کے درمیان الفاظ اذکار کا برابر ہونا ضروری نہیں۔ صرف ماثور کا اہتمام ہونا چاہیے۔ چاہے الفاظ کی کمی و بیشی ہو۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ:555

محدث فتویٰ